# ٹیلیویژن

<"xml encoding="UTF-8?>

ٹیلیویژن

۱سوال: ٹیلیویژن کے ایسے پروگرام دیکھنے یا نشر کرنے کا کیا حکم ہے جس میں بے حجاب عورتیں دکھائی جاتی ہیں؟
جواب: ان کے دیکھنے میں کوئی حرج نہیں ہے اور اگر ان کے جسم کے وہ حصے جو عام طور سے چھپے ہوتے ہیں، دکھائی دیں یا شہوت کے ساتھ دیکھے یا اس سے حرام میں پڑنے کا خوف ہو تو اسے دیکھنا جایز نہیں ہے، اور اگر عریان یا نیمہ عریان ہوں تو بنا بر احتیاط واجب کسی بھی حال میں دیکھنا جایز نہیں ہے۔
۲سوال: فیلم یا سیریل ٹیلیویژن پر یا سینما ہال میں دیکھنے اور اس کے حرام ہونے کا کیا معیار ہے؟
جواب: فحش اور گمراہ کرنے والی اور گناہ کی طرف لے جانے والی فلموں کا دیکھنا جایز نہیں ہے، اس کے علاوہ شہوت کے ساتھ یا گناہ میں پڑنے کا خوف ہو تو بھی جایز نہیں ہے اور اسی طرح احتیاط واجب کی بناء پر عورتوں کا حد معمول سے زیادہ بے لباس مردوں کی فیلم دیکھنا یا مردوں کا عام حالت سے زیادہ بے لباس عورتوں کی فیلم دیکھنا اگر چہ شہوت کے ساتھ نہ بھی ہو جایز نہیں ہے۔